یا رسول اللہ! میں نے زمانہ جاہلیت میں نذر مانی تھی کہ میں ایک رات -اور دوسری روایت کے مطابق ایک دن- مسجد حرام میں اعتکاف کروں گا آپ نے نے فرمایا: اپنی نذر کو پورا کرو

عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! میں نے زمانہ جاہلیت میں نذر مانی تھی کہ میں ایک رات -اور دوسری روایت کے مطابق ایک دن- مسجد حرام میں اعتکاف کروں گا آپ نے نے فرمایا: اپنی نذر کو پورا کرو
[صحیح] [متفق علیہ]

عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے زمانہ جاہلیت میں نذر مانی تھی کہ وہ ایک رات مسجد حرام میں اعتکاف کریں گے انہوں نے نبی سے اس نذر کے حکم کے بارے میں پوچھا، جو انہوں نے زمانہ جاہلیت میں مانی تھی آپ نے نے انہیں اپنی نذر کو پورا کرنے کا حکم دیا

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/4548